JOINT TASK FORCE FOR
CLINICAL TRIAL COMPETENCY

MULTI-REGIONAL CLINICAL TRIALS
THE MRCT CENTER of BRIGHAM AND WOMEN'S HOSPITAL and HARVARD

کلینکل ریسرچ پروفیشنل کے لیے لیولڈ کور کمپیٹنسی فریم ورک، ورژن 3.1 کی تبدیلیوں سمیت جے ٹی ایف کلنیکل پروجیکٹ مینجمنٹ ورک شاپ

MAROOF International Hospital

NUMS NATIONAL UNIVERSITY OF MEDICAL SCIENCES

DRUG REGULATORY AUTHORITY OF PAKISTAN

NIH

بنیادی اہلیت کا فریم ورک، جو ایک کلک اور ڈاؤن لوڈ کے قابل ہو اور جس میں مساوی قابلیت کے لنکس ہیں، JTF ویب سائٹ (https://mrctcenter.org/clinical-trial-competency/) پر پوسٹ کیا گیا ہے۔ براہ کرم mrct@bwh.harvard.edu پر رائے دہی اور مزید تجاویز فراہم کرنے میں ہچکچاہٹ محسوس نہ کریں۔ اہلیت کے کسی بھی قابل استعمال ذریعہ کو تسلیم کرنا چاہیئے۔

یہ معالجاتی تحقیقی پیش ورعملے کا بنیادی اہلیت کا فریم ورک کا ورژن 3.1 ہے۔

https://mrctcenter.org/clinical-trial-competency/February2020

©2020 MRCT Center. *This work is licensed under a CC BY-NC-SA 4.0 license*

mrct@bwh.harvard.edu

کلینکل ریسرچ پروفیشنل کے لیے کور کمپٹینسی فریم ورک-ورژن 3.1
مہارت یافتہ (Skilled)، اور اعلیٰ (Advanced) سطح

C ۔اعلیٰ درجے کی سطح	B ۔ہنرمند سطح	A ۔بنیادی سطح
ڈومین نمبر 1: سائنسی تصورات اور تحقیقی ڈیزائن: کلینکل ٹرائلز کے ڈیزائن اور تجزیہ سے متعلق سائنسی تصورات کا علم اس میں شامل ہے۔		
1.1 حیاتیاتی طبی علوم (بائیومیڈیکل سائنس) کے اصولوں پر مبنی تحقیقی مصنوعات کی دریافت، ترقی اور صحت سے متعلق رویئوں کا مداخلتی اطلاق زیر بحث ہے۔		
C1۔سائنسی اصولوں کے مطابق بائیومیڈیکل ریسرچ کا منصوبہ بنائیں۔ C2۔سائنسی اصولوں کے مطابق ڈیٹا مینجمنٹ پلان تیار کریں۔	B1۔طب یا رویہ کے مطالعہ میں سائنسی اصولوں کا اطلاق کریں۔ B2۔سائنسی اصولوں کے مطابق اور پروٹوکول ڈیزائن کی بنیاد پر ڈیٹا اکٹھا کرنا۔	A1۔اس بات کا ادراک کہ سائنسی اصول کو حیاتیاتی علوم کی تحقیقاتی مصنوعات اور صحت سے متعلق مداخلتی رویّوں اور تبدیلی کی دریافت و ترقی میں لاگو کرنا ضروری ہے۔ A2۔وہ بنیادی سائنسی اصول بیان کرنا جو حیاتیاتی علوم کی تحقیقاتی مصنوعات اور صحت سے متعلق مداخلتی رویّوں اور تبدیلی کے دوران لاگو ہونے چاہئیں۔
مثال: جب کلینکل ریسرچ پروٹوکول دیا جاتا ہے، تو محقق فرق بیان کرتا ہے کہ کون سے اصول اس پر اثر انداز ہوسکتے ہیں اور یہ کہ ڈیٹا کیسے اکٹھا کیا جائے اور کیسے بہترین طریقوں پر عمل درآمد کیا جائے؟	مثال: جب کلینکل ریسرچ پروٹوکول دیا جاتا ہے، تو محقق فرق بیان کرتا ہے کہ کون سے اصول اس پر اثر انداز ہوسکتے ہیں اور یہ کہ ڈیٹا کیسے اکٹھا کیا جائے اور کیسے بہترین طریقوں پر عمل درآمد کیا جائے؟	مثال: جب کلینکل ریسرچ پروٹوکول دیا جاتا ہے، تو محقق فرق بیان کرتا ہے کہ کون سے اصول اس پر اثر انداز ہوسکتے ہیں اور یہ کہ ڈیٹا کیسے اکٹھا کیا جائے اور کیسے بہترین طریقوں پر عمل درآمد کیا جائے؟
1.2 ایسے سائنسی سوالات کی نشاندہی کریں جو ممکنہ طور پر قابل آزمائش طبی تحقیقی مفروضے پر مبنی ہوں۔		

C 2020 MRCT Center. This work is licensed under a CC BY-NC-SA 4.0 license

mrct@bwh.harvard.edu

C1۔ پروٹوکول یا ماخذ دستاویز کی چیک لسٹ تیار کریں جس سے سائنسی سوالات (مفروضے)، بنیادی مقاصد، ثانوی مقاصد، اور متعلقہ حتمی نکات کی شناخت ہو سکے۔ C2۔مقاصد کے ساتھ حتمی نکات پر ڈیا اکٹھا کرنے کے لیے پیرامیٹرز کو سیدھا رکھیں۔	B1۔اسٹڈی پروٹوکول میں تحقیقی مفروضے کی شناخت کریں۔ B2۔حتمی نکات (بنیادی اور ثانوی) کی شناخت کریں جو نتائج کی پیمائش کے لیے ڈیٹا کے تجزیوں میں استعمال ہوں گے۔	A1۔مطالعہ کا مقصد بیان کریں۔ A2۔مطالعہ کی اہمیت بیان کریں۔
مثال: دوسروں کے سامنے ممکنہ سائنسی مطالعے کی انجام دہی پر تعلیمی پریزنٹیشن تیار کرنا تا کہ مفروضے کے تجربے کے لیے معیاری اختتامی نکات جمع کیے جائیں۔	مثال: اگر ایک مطالعہ پروٹوکول دیا جائے، تو مقاصد اور متعلقہ سیفٹی اور افادیت کے اختتامی نکات کو بیان کرنا، درجہ بندی کرنا، اور جانچ (طبی، سماجی، معاشی/رویّے) کی شناخت جو اختتامی نکات کی پیمائش میں استعمال ہوں گی۔	مثال: منتخب مطالعہ پروٹوکول میں درج ذیل عناصر کی نشاندہی کرنا: مطالعہ کا عنوان، مطالعے کا مرکزی مقصد، اس مطالعہ کرنا کیوں ضروری ہے، مطالعے کا ہدف آبادی کیا ہے۔
1.3 تحقیقاتی مطالعہ کے عناصر کی نشاندہی کرنا اور مطالعہ ڈیزائن کے اصول وعمل کو بیان کرنا		
C1۔طبی مطالعہ ڈیزائن کا جائزہ لینا اور ضرورتاً عمل میں تبدیلیاں کرنا C2۔متعلقہ معالجاتی شعبہ کے مطابق پروٹوکول تیار کرنا C3۔مطالعہ ڈیزائن کی مضبوطی اور کمزوری کا جائزہ لینا اور دوسروں کے سامنے وضاحت کرنا C4۔ایسی مخصوص حکمتِ عملی تیار کرنا جو ثقافت اور خطے/ ملک کے فرق کو مدنظر رکھے جب متعدد خطوں میں مطالعے کیے جائیں	B1۔ یہ جائزہ لینا کہ ایک طبی مطالعہ پروٹوکول میں تمام ضروری عناصر شامل ہیں یا نہیں	A1۔طبی مطالعہ پروٹوکول کے کلیدی عناصر کی نشاندہی کرنا A2۔عمومی عملی پروٹوکول برائے ترقی کا بیان کرنا A3۔مختلف اقسام کے طبی مطالعات کے درمیان بنیادی فرق پہچاننا
مثال: اگر مطالعہ پروٹوکول میں پیمائش اور مقاصد کے درمیان ہم آہنگی نہ ہو، تو محقق مناسب طریقے سے پروٹوکول میں ترمیم کرے	مثال: اگر پروٹوکول میں کوئی چیز مفقود، نامکمل یا نامناسب ہو، اس کی نشاندہی کرنا۔	مثال: اگر طبی مطالعہ پروٹوکول دیا جائے، تو شامل کرنے اور خارج کرنے کے معیار کی نشاندہی کرنا

C 2020 MRCT Center. This work is licensed under a CC BY-NC-SA 4.0 license
mrct@bwh.harvard.edu

1.4 نئی ٹیکنالوجیز، طریقہ کار اور تکنیکوں کی ترقی پر چوکنا رہنا، جو مطالعے کی انجام دہی، حفاظت اور صداقت کو بہتر کریں		
A1۔ یہ تسلیم کرنا کہ نئی ٹیکنالوجیز اور تکنیکیں مطالعے کی انجام دہی میں مدد دے سکتی ہیں	B1۔ نئی ٹیکنالوجیز اور تکنیکیں شناخت کرنا اور اطلاق کرنا جو مطالعے کی معیار، انجام دہی اور حفاظت کو بہتر بنائیں B2۔ مطالعہ کی انجام دہی، حفاظت، اور صداقت کو بہتر بنانے والی نئی ٹیکنالوجیز اور تکنیکوں کے حوالے سے تربیتی پروگرام مرتب کرنا	C1۔ ڈیٹا پر مبنی فیصلہ سازی کا عمل انجام دینا، اور نئی ٹیکنالوجیز و تکنیکوں کو طبی مطالعات کی ترقی اور انجام دہی میں ضم کرنا C2۔ مطالعاتی عملے کے لیے تربیتی پروگرام ڈیزائن کرنا اور بہتر بنانا، جو نئی ٹیکنالوجیز اور تکنیکوں کو شامل کرتے ہوں
مثال: موبائل ڈیوائسز یا انٹرنیٹ استعمال کرنے والے مناسب الیکٹرونک طبی پلیٹ فارم پر کام کرنے کی صلاحیت ظاہر کرنا۔	مثال: ایک ٹیم کی رہنمائی کرنا جو برقیاتی معالجاتی نتائج کا تجزیہ کرتی ہو تاکہ جمع کیے گئے ڈیٹا کا معیار بہتر ہو۔	مثال: رپورٹ کیے ہوئے ڈیٹا کا تجزیہ کرنا اور مختلف ذرائع (CTMS) کا ڈیٹا استعمال کر کے قابلِ پیمائش کارکردگی کے اشاریوں کے تحت ترمیمات کرنا۔

1.5 طبی مطالعے کے نتائج کا نقادانہ تجزیہ کرنا		
A1۔ مطالعے کے نتائج کی شناخت کرنا A2۔ نتائج کی تحقیقاتی سوال سے مطابقت بیان کرنا	B1۔ مطالعہ رپورٹس اور مطبوعات سے منسلک نتائج کے معیار کا موازنہ اور اندازہ کرنا B2۔ ڈیٹا کے تجزیے کی وضاحت اور استقرائی تحقیق کو سمجھنا	C1۔ نتائج کے اطلاق کی ممکنہ صلاحیت کا اندازہ کرنا C2۔ طبی مطالعے کے ڈیٹا میں کمی کی نشاندہی کرنا
مثال: اگر مطالعے کی رپورٹس دی جائیں، تو نتائج کا خلاصہ کرنا	مثال: اگر دو مطبوعات ایک ہی موضوع پر ہوں، تو یہ موازنہ کرنا کہ کون سی چیزیں ڈیٹا کی تشریح کو متاثر کر سکتی ہیں	مثال: جمع کیے گئے ڈیٹا کا ادویاتی نوعیت (فارماکوویجیلنس) تشخیص کرنا اور ڈیٹا کے خلا کو دور کرنے کے لیے سوالات تیار کرنا

ڈومین 2: اخلاق اورِ مطالعہ کے حفاظتی ملاحظات: اس میں مریضوں کی دیکھ بھال انسانی تحفظ، اور طبی مطالعہ میں سلامتی کے معاملات شامل ہیں

2.1 معیاری نگہداشت اور طبی مطالعے کی سرگرمیوں کے درمیان فرق۔

C 2020 MRCT Center. This work is licensed under a CC BY-NC-SA 4.0 license
mrct@bwh.harvard.edu

C1۔ ایک ایسا پروٹوکول تیار کرنا جو تحقیقاتی سرگرمیوں اور معیاری نگہداشت میں مناسب انداز میں تفریق کرے	B1۔اس بات کی اہمیت بیان کرنا کہ مطالعے کی سرگرمیاں پروٹوکول کے مطابق انجام پائیں	A1۔ یہ وضاحت کریں کہ کوئی طبی مطالعہ جو تصدیق شدہ تحقیق ہو، ضروری نہیں کہ وہ معیاری نگہداشت ہو۔
مثال: مناسب طور پر فیصلہ کرنا کہ کون سی سرگرمیاں بیمہ پر بل کی جائیں اور کون سی معاون اخراجات میں شامل ہوں۔	مثال: کلینکل عملے کو سمجھانا کہ تحقیقاتی خون کا نمونہ لینے کا وقت عام خون لینے کے وقت سے مختلف ہوسکتا ہے۔	مثال: مطالعے کے ایک رکن کو سمجھنا کہ پروٹوکول کا حصہ بننے والی کارروائیاں لازماً معیاری نگہداشت نہیں ہیں۔

2.2 کلینکل ایکویپوِاِس‘‘ اور’’ معالجاتی غلط فہمی کے تصورات کی وضاحت

C1۔ ایک کنٹرول شدہ طبی مطالعے میں دو موازنہ اشیاء) مثال: شناخت کرنا اور یہ سمجھانا کہ انہیں کیوں موازنہ کے لیے منتخب کیا گیا ہے۔	B1۔ علاجی غلط فہمی کا سبب اور مفہوم کی وضاحت اور یہ سمجھانا کہ وہ مریض کی سمجھ بوجھ کو کیسے متاثر کرسکتے ہیں B2۔مطالعے کے دوران مسلسل علاجی غلط فہمی کے علم کا اطلاق کرنا B3۔ اگر ضرور ہو، علاجی غلط فہمی کے حوالے سے شمولیت کنندگان کی تشویش کی تشریح کرنا اور معاونت طلب کرنا	A1۔ یہ تسلیم کرنا کہ علاجی غلط فہمی اخلاقی اصول ہے جو طبی تحقیق کی بنیاد ہے
مثال: سروس ٹریننگ کی رہنمائی جس میں مطالعہ پروٹوکول کو علاجی غلط فہمی کے تناظر میں تشریح کیا جائے۔	مثال: ICF (انفارمڈ کنسینٹ فارم) کے عمل کے دوران یہ تشخیص کرنا کہ ممکنہ شریکِ مطالعہ کو واقعی یہ سمجھ میں آیا ہے کہ یہ ایک تحقیق ہے نہ کہ ایک معیاری علاج۔	مثال: ایک کنٹرولڈ کلینیکل ٹرائل میں دو تقابلی عوامل کی نشاندہی کرنا ہے اور اس پر بات کرنا ہے کہ ہر ایک کا انتخاب کیوں کیا گیا ہے؟

2.3 انسانی موضوع تحفظ اور تخلیہ کے قومی اور بین الاقوامی اصولوں کو مطالعے کے تمام مراحل میں لاگو کرنا

C1۔مطالعے میں شمولیت کرنے والے شرکاء کی پرائیویسی، حفاظت، بہبود اور حقوق کے تحفظ کے لیے ضروری سرگرمیوں کی نگرانی کرنا، کسی بھی خطے میں یہ مطالعہ کیا جائے۔	B1 ۔ ایک طبی مطالعے کے پروٹوکول میں انسانی موضوع تحفظ اور تخلیہ کے اصولوں کا تنقیدی جائزہ لینا اور انہیں نافذ کرنا:	A1۔ عالمی رہنما خطوط، سفارشات، اور مقامی قوانین کی پابندی کی اہمیت بیان کرنا جو مطالعے کے تمام شرکاء کی حفاظت، بہبود، اور حقوق سے متعلق ہوں

C 2020 MRCT Center. This work is licensed under a CC BY-NC-SA 4.0 license
mrct@bwh.harvard.edu

C2۔ ریگولیٹری ادارے (مثلاً IRB یا IEC) کی جانب سے پوچھے گئے سوالات کے جوابات دینا، جو کلینکل اسٹڈی میں شرکاء کی رازداری (Privacy) اور حفاظت (Safety) کے طریقہ کار سے متعلق ہوں۔		
مثال: یہ وضاحت کرنا کہ مطالعے میں شمولیت کرنے والوں کی رازداری کی حفاظت کیسے کی جائے گی۔	مثال: ایسی بھرتی کی حکمتِ عملیاں تیار کرنا جو تمام مناسب آبادیوں کو شامل کرنے کو یقینی بنائیں۔	مثال: ایک طبی پروٹوکول کے لیے بھرتی اور رضامندی کے عمل میں خودمختاری کے پیشِ نظر، انصاف، اور نیکی کی مثالوں کی شناخت

2.4 مطالعے کے شریکِ محقق سے معلوماتی رضامندی، اصول و مواد کی وضاحت جو انسانی شرکاء کے تحفظ کو یقینی بناتے ہیں

C1۔ مطالعے کے دوران انسانی موضوع تحفظ ضوابط کی تکمیل کو یقینی بنانے کے لیے عمل اور کنٹرول تدابیر نافذ کرنا C2۔ معلوماتی رضامندی دستاویز کو مطالعہ پروٹوکول کے حوالے سے جانچنا تاکہ یہ نہ صرف موجودہ ضوابط و رہنما خطوط کو پورا کرے بلکہ شریکِ مطالعہ کو معلومات فراہم کرے کہ وہ شمولیت کا باخبر فیصلہ کر سکے	B1۔ یہ تسلیم کرنا کہ معلوماتی رضامندی کے عمل کے دوران ممکنہ خطرات اور فوائد کو ایسی زبان اور انداز میں بیان کرنا۔ ضروری ہے کہ ممکنہ شریکِ مطالعہ اسے سمجھ سکے B2۔ معلوماتی رضامندی دستاویز تیار کرتے وقت ضوابط، رہنما خطوط اور دستیاب حفاظتی معلومات کا استعمال کرنا، اور یہ دستاویز ممکنہ شریکِ مطالعہ کو مطالعے میں شمولیت کا باخبر فیصلہ کرنے کے لیے معلومات فراہم کرے	A1۔ تاریخی واقعات کی شناخت کرنا جنہوں نے موجودہ معلوماتی رضامندی کے ضوابط کو جنم دیا A2۔ کلیدی دستاویزات کی شناخت کرنا جو انسانی شرکاء کے تحفظ کو یقینی بناتی ہیں (مثلاً Declaration of Helsinki، Nuremberg ، CIOMS ،Belmont Report Investigator's، ICH Guidelines،Report Brochure،مصنوعات کی لیبل وغیرہ)
مثال: IRB آئی آر بی کے فعال رکن کی حیثیت سے خدمات انجام دینا تاکہ انسانی موضوع کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔	مثال: معلوماتی رضامندی دستاویز تیار کرنا اور شریکِ مطالعہ کے لیے ممکنہ خطرات اور فوائد کو قابلِ فہم انداز میں شامل کرنا۔	مثال: Belmont Report کے تین اصول اور FDA ضوابط اور ICH GCP رہنما خطوط کے درمیان فرق بیان کرنا۔

2.5 کمزور آبادیوں کے ساتھ تعامل کرتے وقت اخلاقی مسائل بیان کرنا اور ان آبادیوں کے لیے اضافی حفاظتی اقدامات بتانا

C 2020 MRCT Center. This work is licensed under a CC BY-NC-SA 4.0 license
mrct@bwh.harvard.edu

A1۔ وہ آبادی شناخت کرنا جو کمزور سمجھی جاتی ہیں A2۔ یہ سمجھ کہ قوانین کمزور آبادیوں کے تحفظ کے لیے موجود ہیں	B1۔ تحقیقی شرکاء کے لیے مناسب حفاظتی اقدامات کا درست اطلاق کرنا B2۔ ایسی صورتوں کی پیشگوئی کرنا جب تحقیقی شرکاء کمزور سمجھے جا سکتے ہیں	C1۔ مطالعہ پروٹوکول کا جائزہ لینا تا کہ یہ معلوم کیا جائے کہ آیا آبادی مناسب تحفظ حاصل کر رہی ہے یا مزید حفاظتی اقدامات درکار ہیں C2۔ ایسی حکمتِ عملی تیار کرنا جو کمزور آبادیوں کو تحقیق میں شامل کرنے کی اجازت دیں اور انہیں بہترین فیصلہ کرنے میں مدد دیں C3۔ ایسی منفرد صورتوں کا جائزہ لینا جو کمزور افراد کی شرکت کو متاثر کرتی ہیں C4۔ یہ جانچنا کہ آیا کمزور آبادیوں کو IRBs یا ریگولیٹری حکام سے خاص غور کی ضرورت ہے
مثال: ان آبادیوں کو سمجھنا جیسے بچے، قیدی، حاملہ خواتین، ذہنی معذور افراد، معاشی یا تعلیمی لحاظ سے پسماندہ افراد، اور ان کے لیے اضافی حفاظتی اقدامات کی وضاحت کرنا۔	مثال: کمزور آبادی کی معلوماتی رضا مندی کے عمل پر اطلاق کرنا اور شرکت کی حفاظت کو یقینی بنانا۔	مثال: ایک کمیونٹی تحقیق جہاں کمزور افراد ہوں، تو ایسی حکمتِ عملی تیار کرنا جو بھرتی اور برقرار رکھنے کے دوران شرکاء کی حفاظت کو یقینی بنائے

2.6 اخلاقی مسائل اور ثقافتی تفاوت کا اطلاق کرنا، خاص طور پر تحقیقاتی مصنوعات کی ترقی اور تجارتی پہلوؤں میں

A1۔ یہ تسلیم کرنا کہ ثقافتی تفاوت موجود ہیں، خاص طور پر جب نئے تحقیقاتی مصنوعات کی ترقی کے لیے کثیر علاقائی طبی تجربے کیے جائیں A2۔ ثقافتی مہارت ثقافتی مسابقت کا تصور بیان کرنا اور یہ بتانا کہ کس طرح مختلف آبادی گروپوں میں طبی تحقیق کے انجام دہی سے متعلق ہے	B1۔ مختلف عالمی خطوں میں تحقیق کے اخلاقی اصولوں کا موازنہ کرنا (مثلاً ICH رہنما خطوط بمقابلہ FDA ضوابط، دیگر ممالک کے قوانین) B2۔ کم اور درمیانی آمدنی والے ممالک میں طبی تجربے کرنے کے فوائد اور خطرات کا جائزہ لینا، اور ان آبادیوں کو ممکنہ استحصال اور فوائد کی اقسام کی تفریق کرنا	C1۔ یہ یقینی کرنا کہ طبی تجربے ایسے تصورات شامل کریں جو خطوں کے مابین مختلف اخلاقی نقطہ نظر اور ثقافتی تناظرات کو تسلیم کریں C2۔ ایسی حکمتِ عملی تیار کرنا کہ مطالعہ مقامات کا انتخاب اس توازن کو برقرار رکھے کہ ممکنہ علاج تک مساوی رسائی کو یقینی بنایا جائے

C 2020 MRCT Center. This work is licensed under a CC BY-NC-SA 4.0 license
mrct@bwh.harvard.edu

مثال: محقق ایک عالمی ادویاتی ترقیاتی پروگرام ڈیزائن کرے جو ممکنہ شرکاء کی صحت کی ضروریات کو مدنظر رکھے اور تحقیقاتی مصنوعات تک بعد از مطالعہ رسائی کو یقینی بنائے۔	مثال: مشورہ دینا کہ مطالعے ان مقامات پر کیے جائیں جہاں بنیادی ڈھانچہ موجود ہو (مثلاً سرد زنجیری ذخیرہ، cold chain) اور وہ علاقے جہاں مصنوعات بعد از تجربہ مارکیٹ ہوں گی۔	مثال: ایک عالمی ادویاتی ترقیاتی ٹیم کا حصہ بننا۔

2.7 وضاحت کریں کہ انسانی شرکاء کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے کلینکل پروٹوکول میں شمولیت، اخراج، اور دیگر معیار کیوں شامل کیے جاتے ہیں

C1۔ نئے پروٹوکول کی ترقی کے لیے اہلیت معیارات تیار کرنا اور ترمیم کرنا C2۔ شمولیت و اخراج معیار منتخب کرنے کی معقولیت کی تجربہ یا شواہد کی بنیاد پر وضاحت کرنا	B1۔ ہموار مریض آبادی کی ضرورت کی وضاحت کرنا (پروٹوکول میں بیان کیے گئے معیارات کی بنیاد پر) اور بھرتی میں یکسانیت کی اہمیت	A1۔ شریکِ مطالعہ کی اہلیت کے معیارات شناخت کرنا (مثلاً عمر، جنس، بیماری کی قسم و مرحلہ، علاج کی تاریخ، دیگر طبی حالتیں) تاکہ تحقیقاتی ٹیم یہ طے کر سکے کہ آیا شرکاء مطالعے میں محفوظ طریقے سے شامل ہو سکتے ہیں
	B2۔ شمولیت/اخراج معیار سے انحراف کے نتیجے میں ڈیٹا کی کیفیت اور مطالعے کی صداقت پر اثرات بیان کرنا اور یہ کہ کس طرح نتائج عمومی پذیر ہو سکتے ہیں B3۔ مطالعے کے مواد (جیسے رہنما دستاویزات، بھرتی منصوبے) تیار کرنا تاکہ شمولیت/اخراج معیار کا مناسب استعمال یقینی ہو سکے B4۔ مرکب مطالعات (جیسے بایومیڈیکل یا مداخلتی مطالعے) کے لیے ممکنہ شرکاء کی اہلیت کا تعین کرنا	A2۔ ایک غیر مرکب مطالعے (جیسے رجسٹریز، سروے مطالعات) کے لیے ممکنہ شرکاء کی اہلیت کا تعین کرنا
مثال۔ FDA کے رہنما اصول (Guidance) تلاش کرنا اور بیان کرنا تاکہ کلینکل ٹرائل کی FDA ضوابط اور ICH GCPs کے ساتھ مطابقت کو یقینی بنایا جا سکے۔	مثال: جینومکس (Genomics) پر مبنی کلینکل ریسرچ کے لیے رسک پر مبنی مانیٹرنگ پلان تیار کرنا۔	مثال: نئے طبی تجربات کے لیے اہلیتی خطرات کی جانچ کرنا، خطرے کو کم کرنے کی حکمتِ عملی تیار کرنا، اور سائٹ آڈٹس کے دوران پائے جانے والے انحرافات کے لیے اصلاحی اور روک تھام کی حکمتِ عملی تیار کرنا۔

C 2020 MRCT Center. This work is licensed under a CC BY-NC-SA 4.0 license

mrct@bwh.harvard.edu

2.8۔کلینکل اسٹڈی کے شرکاء کے انتخاب اور نظم ونسق کے ذریعے, خطرے اور فائدے کی تقسیم اور توازن کے اصولوں اور طریقوں کا خلاصہ

C1۔ان عملوں (مثلاً شمولیت/اخراج، اسٹڈی کے طریقہ کار، منفی واقعات کی شناخت ودستاویز بندی، اسٹڈی کے تسلسل) کو تیار کرنا یا تشکیل دینا جو خطرے اور فائدے کے درمیان مناسب توازن پیدا کریں۔ C2۔خطرے اور فائدے کے اصولوں اور طریقوں کو ڈیزائن کرتے وقت یا انتخاب اور نظم ونسق کے عمل میں نگرانی فراہم کرتے وقت واضح طور پر مثال کے طور پر بیان کرنا۔	B1۔ان عملوں (مثلاً شمولیت/اخراج، اسٹڈی کے طریقہ کار، منفی واقعات کی شناخت ودستاویز بندی، اسٹڈی کے تسلسل) کو عملی طور پر نافذ کرنا جو خطرے اور فائدے کا مناسب توازن برقرار رکھتے ہیں۔	A1۔ان عملوں (مثلاً شمولیت/اخراج، اسٹڈی کے طریقہ کار، منفی واقعات کی شناخت ودستاویز بندی، اسٹڈی کے تسلسل) کو پہچاننا جو خطرے اور فائدے کے درمیان مناسب توازن برقرار رکھتے ہیں۔
مثال: خودمختار طور پر پروٹوکول، باخبر رضامندی، یا بھرتی اور برقرار رکھنے کا منصوبہ تیار کرنا ہے جو خطرے اور فائدے کی تقسیم اور توازن کے اصولوں اور طریقوں کو شامل کرتا ہو۔	مثال: اسٹریٹجک بھرتی اور برقرار رکھنے کے منصوبے یا باخبر رضامندی (Informed Consent) میں شامل کیے جانے والے اہم خطرے اور فائدے کے اجزاء کی نشاندہی کرنا ہے۔	مثال: کلینکل پروٹوکول سے منسلک معروف اور ممکنہ کلینکل خطرات کی نشاندہی کرنا ہے اور مطالعے کے دوروں کے دوران شرکاء کے ساتھ مسلسل خطرے کے جائزے کی سرگرمیاں انجام دینا ہے۔

ڈومین 3: تحقیقاتی مصنوعات کی تیاری اور ضابطہ کاری, اس میں اس علم کا احاطہ کیا گیا ہے کہ تحقیقاتی (Investigational) مصنوعات کس طرح تیار کی جاتی ہیں اور ان پر ضابطہ کاری (Regulation) کس طرح لاگو ہوتی ہے۔

3.1 تاریخی واقعات پر گفتگو کریں جنہوں نے تحقیقاتی مصنوعات کے لیے حکومتی ضابطہ جاتی عمل کی ترقی کو جنم دیا۔

C1۔ان عملوں (مثلاً شمولیت/اخراج، اسٹڈی کے طریقہ کار، منفی واقعات کی شناخت ودستاویز بندی، اسٹڈی کے تسلسل) کو تیار کرنا یا تشکیل دینا جو خطرے اور فائدے کے درمیان مناسب توازن پیدا کریں۔	B1۔ان عملوں (مثلاً شمولیت/اخراج، اسٹڈی کے طریقہ کار، منفی واقعات کی شناخت ودستاویز بندی، اسٹڈی کے تسلسل) کو عملی طور پر نافذ کرنا جو خطرے اور فائدے کا مناسب توازن برقرار رکھتے ہیں۔	A1۔ان اہم تاریخی واقعات کی نشاندہی کریں جو پیش آئے اور جنہوں نے آج موجود موجودہ ضابطہ جاتی ماحول (چاہے وہ FDA کا ہو یا بین الاقوامی) کو متاثر کیا۔

C 2020 MRCT Center. This work is licensed under a CC BY-NC-SA 4.0 license
mrct@bwh.harvard.edu

C2۔خطرے اور فائدے کے اصولوں اور طریقوں کو ڈیزائن کرتے وقت یا انتخاب اور نظم ونسق کے عمل میں نگرانی فراہم کرتے وقت واضح طور پر مثال کے طور پر بیان کرنا۔		
مثال: خود مختار طور پر پروٹوکول، باخبر رضامندی، یا بھرتی اور برقرار رکھنے کا منصوبہ تیار کرتا ہے جو خطرے اور فائدے کی تقسیم اور توازن کے اصولوں اور طریقوں کو شامل کرتا ہو۔	مثال: اسٹریٹجک بھرتی اور برقرار رکھنے کے منصوبے یا باخبر رضامندی (Informed Consent) میں شامل کیے جانے والے اہم خطرے اور فائدے کے اجزاء کی نشاندہی کرتا ہے۔	مثال: کلینکل پروٹوکول سے منسلک معروف اور ممکنہ کلینکل خطرات کی نشاندہی کرتا ہے اور مطالعے کے دوروں کے دوران شرکاء کے ساتھ مسلسل خطرے کے جائزے کی سرگرمیاں انجام دیتا ہے۔

3.2 تحقیقاتی مصنوعات کی ترقی کے عمل میں شریک مختلف اداروں کے کردار اور ذمہ داریوں کی وضاحت کرنا

C1۔ مطالعے کے پروٹوکول کا جائزہ لینا تاکہ یہ طے کیا جائے کہ مختلف اداروں/تنظیموں کے درمیان تعاون کی ضرورت ہے یا نہیں C2 ۔ اسٹیک ہولڈرز (شرکاء، مریض، وکلاء وغیرہ) کے مابین تعلقات کو منظم کرنا اور ان کے کردار و ذمہ داریوں کی تعریف کرنا تاکہ طبی تحقیق کے ڈیزائن اور انجام دہی میں مدد ہو	B1۔ تحقیقاتی مصنوعات کی ترقی کے عمل میں شریک ہر ادارے (محققین، اسپانسرز، CROs، ریگولیٹری ادارے) کی مخصوص کردار اور ذمہ داریاں فہرست کرنا B2 ۔ نگرانی کرنے والی تنظیموں جیسے تحقیقاتی فارمیسی، ڈیٹا سیفٹی مانیٹرنگ بورڈز کے دائرہ کار کی پہچان کرنا	A1۔ محققین، اسپانسرز، CROs اور ریگولیٹری اداروں کی ذمہ داریوں کے درمیان فرق اور شناخت کرنا A2 ۔ کو یہ سمجھانا کہ IRBs (اخلاقی جائزہ بورڈز) پروٹوکول کی منظوری، خطرے کا اندازہ اور مستثنیات کا تعین کرنے میں کیا کردار ادا کرتے ہیں
مثال: ملٹی سینٹر ٹرائل کے لیے نگرانی کی سرگرمیوں کی انجام، ہائر کرنے کی درخواست تیار کرنا	مثال: بیان کریں کہ IRB منظوری دیتے وقت کون سی معلومات درکار ہوتی ہیں، خطرے کا اندازہ کیسے کیا جاتا ہے، اور مستثنیات کا فیصلہ کیسے ہوتا ہے	مثال: FDA 1572 سی آر او کو بیان کردہ محقق کی ذمہ داری اور اسپانسر سے CRO کو ذمہ داری سونپنے کے عمل کی وضاحت کرنا

3.3 تحقیقاتی مصنوعات کی ترقی کے عمل اور ان سرگرمیوں کی وضاحت کرنا جو طبی مصنوعات کے لائف سائیکل مینجمنٹ میں تجارتی حقیقتوں کو شامل کرتی ہیں

C 2020 MRCT Center. This work is licensed under a CC BY-NC-SA 4.0 license
mrct@bwh.harvard.edu

C1۔ ایک اسٹرٹیجک منصوبہ تیار کرنا یا موجودہ منصوبے کا جائزہ لینا برائے تحقیقاتی مصنوعات کی ترقی اور لائف سائیکل مینجمنٹ C2۔ ایک Investigational Product IP)) ترقیاتی منصوبہ کو تحقیقی مصنوعات کو ریگولیٹری حکم کے ساتھ ہم آہنگ کرنا C3۔ ادویات، بایولوجکس، اور طبی آلات کی منظوری کے عمل کو تمیز کرنا	B1۔ طبی مصنوعات کے لیے تحقیقاتی مصنوعات کی ترقی کے لائف سائیکل مینجمنٹ کے تصورات، اہم عناصر، اور مقاصد کا ترجمہ اور نفاذ کرنا	A1۔ تحقیقاتی مصنوعات کی ترقی کے لائف سائیکل مینجمنٹ کے تصور، اہم عناصر اور مقاصد کو سمجھنا
مثال: ایف ڈی اے ویب سائٹ کا استعمال کرنا تاکہ یہ جانا جائے کہ یا تحقیقاتی مصنوعات پر مشتمل طبی مطالعے کو IND، IDE ، یا مستثنیہ خط درکار ہے۔	مثال: ادویہ کی ترقی اور منظوری کے عمل کا بنیادی فہم ہونا اور یہ تسلیم کرنا کہ تحقیقی مصنوعات کو امریکہ میں مارکیٹ کرنے کی منظوری درکار ہے	مثال: ایک نئے تحقیقاتی مصنوع کے لیے "orphan drug designation" کی درخواست تیار کرنا اور ترتیب دینا۔ سائٹ کی IP ٹریکنگ لاگ، CRFs کی دیکھ بھال کرنا، اور IB یا ڈیوائس مینول سے واقف ہونا۔
3.4۔ تحقیقاتی مصنوعات کی ترقی اور اندراج کی اعانت کرنے والے قانونی و ریگولیٹری فریم ورک کا خلاصہ کرنا، اور ان کی حفاظت، افادیت اور معیار کی ضمانت دینا		
C1۔ متعلقہ اتھارٹی اور اس سے منسلک ریگولیٹری فریم ورک سے متعلق تربیت اور نگرانی فراہم کرنا، اور یہ کہ اس ICH GCP، منظوری شدہ مطالعہ پروٹوکول اور اسپانسر SOPs کے ساتھ کس طرح ہم آہنگ ہیں تاکہ مطالعے کے شرکاء کی حفاظت اور حقوق کی ضمانت ہو C2۔ سائٹ پر مطالعے کے پیش رفت کی نگرانی اور اس بات کی یقین دہانی کرنا کہ مطالعے کی انجام دہی مقامی، قومی اور عالمی ریگولیٹری فریم ورکس سے مطابقت رکھتی ہو، اور دوسروں کی معاونت کرنا تاکہ وہ ٹرائلز کی انجام دہی میں ان تقاضوں کو پورا کر سکیں	B1۔ مثال: پیچیدہ طبی تحقیقاتی آپریشنز کی انجام دہی کے دوران وفاقی (مثلاً US، EMA دیگر) قوانین اور رہنما اصولوں کا بیان اور اطلاق کرنا B2۔ ICH GCP .B2 دستور، منظوری شدہ مطالعہ پروٹوکول اور اسپانسر کے مطالعے سے متعلق SOPs کی ضروریات کی تشریح کرنا B3۔ مطالعے سے متعلق SOPs، رپورٹس اور/ یا متعلقہ ریگولیٹری منظوری کی جمع آوری دستاویزات کی تیاری یا تدوین کرنا	A1۔ یہ بیان کرنا کہ کس طرح مناسب ریگولیٹری رہنما خطوط تک رسائی حاصل کی جائے جو IMPs (Investigational Medicinal Products) کی ترقی اور اندراج پر لاگو ہوں، اور ان مصنوعات کو ان کی جغرافیائی محل وقوع میں رجسٹر کرنے کے لیے ضروری طبی مطالعے کا عمل (مثلاً US FDA، یورپ EMA، UK MHRA، چین NMPA، کوریا MFDS) A2۔ انسانی شرکاء کے تحفظ اور ICH GCP، مثال: دستور رہنما خطوط بنیادی علم ظاہر کرنا

C 2020 MRCT Center. This work is licensed under a CC BY-NC-SA 4.0 license

mrct@bwh.harvard.edu

مثال: تربیتی رہنما، دستاویزات اور چیک لسٹ تیار کرنا تاکہ مطالعے کو ڈیلیور کرنے والی ٹیم یہ یقینی بنا سکے کہ مخصوص مطالعے کے حوالے سے متعلقہ ریگولیٹری فریم ورک کی پابندی کی جائے۔	مثال: یہ وضاحت کرنا کہ ضوابط اور رہنما اصول کس طرح ICH GCP تقاضوں، صحت تحقیق اتھارٹی منظوری کے مراحل، ریسرچ ایتھکس کمیٹی منظوریوں کے ساتھ ہم آہنگی کے ساتھ لاگو ہوتے ہیں، اور مطالعے سے متعلق رویے کی جامع ریکارڈنگ، کے ذریعے قابلِ عمل ہونا	مثال: انفارمڈ کنسینٹ، ادویہ کی ترقی اور منظوری، IRBs/ECs، مفادات کا ٹکراؤ، محقق کی ذمہ داریاں، اسپانسر کی ذمہ داریاں وغیرہ کے لیے اپنے ملک میں متعلقہ رہنما اصول تلاش کرنا

3.5 مخصوص عمل اور مراحل کو بیان کرنا جو ایک طبی مصنوع کے مارکیٹنگ اجازت نامے کی منظوری کے لیے ریگولیٹری اتھارٹی کی جانب سے اختیار کیے جانے چاہئیں

C1۔ ایک قبل ازکلینکل یا کلینکل تحقیقاتی پروٹوکول کے کامیاب نفاذ کے لیے ممکنہ صلاحیت اور وسائل کا اندازہ کرنا C2۔ ایک قبل ازکلینکل یا کلینکل تحقیقاتی پروٹوکول کی ترقی، منصوبہ بندی اور نفاذ کی نگرانی کرنا جو ایک ریگولیٹری جمع کردہ دستاویز (مثلاً IND، BLA، NDA) یا کلینکل پروگرام میں حصہ ڈالے	B1۔ فیز 1 تا 3 کلینکل ٹرائلز کی نفاذ میں فعال شرکت کرنا B2۔ IND، B2. NDA، BLA اور ہر کلینکل ترقیاتی مرحلے کے مقاصد میں تمیز کرنا اور یہ سمجھنا کہ ہر مرحلے پر تحقیقی سوالات کا تعلق کیا ہے	A1۔ قبل ازکلینکل اور کلینکل تحقیقاتی سرگرمیوں اور ان کے مقاصد کی وضاحت کرنا، اور یہ بتانا کہ وہ کیسے ایک IND اور NDA/CTA/BLA کی فائلنگ میں حصہ لیتے ہیں A2۔ یہ سمجھنا کہ فیز 1 تا 3 کا ڈیٹا کس طرح IND اور NDA کی فائلنگ میں حصہ ڈالتا ہے
مثال: فیز I ڈیٹا کا تجزیہ کرنا اور اس کے بعد "چلیں / نہ چلیں" (go/no-go) کا فیصلہ کرنا	مثال: بروشر کا استعمال کرنا تاکہ ممکنہ حفاظتی خطرات کا اندازہ کیا جائے	مثال: NDA جمع کرنے کے لیے ضروری دستاویزات کی تیاری میں شراکت

3.6 قبل از اور بعد از منظوری حفاظتی رپورٹنگ کی ضروریات کو بیان کرنا جو ریگولیٹری ایجنسیوں کی جانب سے ضروری ہیں۔

C1۔ حفاظتی ڈیٹا (مثلاً سیفٹی سگنلز یا نگرانی نظام سے ڈیٹا) کی تفسیر کرنا C2۔ دوسروں کو سکھانا کہ حفاظتی رپورٹنگ کی ضروریات کو خطے کے لحاظ سے موازنہ اور تمیز کیسے کی جائے C3۔ سیفٹی رسک مینجمنٹ پلانز تیار کرنا اور ان پر عمل کو آسان بنانا	B1۔ طبی ٹرائل کی انجام دہی کے دوران غیر مطلوب واقعات کے وقوع کی تشخیص کرنا اور محقق کے ساتھ درجہ بندی میں ہم آہنگی کرنا B2۔ مناسب ضروریات اور ٹائم لائن کے مطابق غیر مطلوب واقعات کی رپورٹس مکمل کرنا اور جمع کرنا	A1۔ یہ فرق شناخت کرنا کہ غیر مطلوب واقعات یا مخالف واقعات (adverse events) کی رپورٹنگ کی ضروریات قبل از اور بعد از مارکیٹنگ منظوری کس طرح مختلف ہیں A2۔ مختلف انواع کی غیر مطلوب واقعات کی رپورٹنگ کی ضروریات کو سمجھنا

C 2020 MRCT Center. This work is licensed under a CC BY-NC-SA 4.0 license

mrct@bwh.harvard.edu

مثال: قبل از اور بعد از منظوری حفاظتی رپورٹنگ امور کے لیے رابطے کا مرکزی نقطہ ہونا اور جب ریگولیٹری ایجنسیوں کی جانب سے حفاظتی رپورٹنگ کے حوالے سے سوالات آئیں تو دیگر افراد کے ساتھ تعاون کرنا	مثال: ماخذ دستاویزات اور موزوں کوڈنگ ڈکشنری کا استعمال غیر مطلوب واقعہ کی شناخت، درجہ بندی اور کوڈنگ کرنا	مثال: ان غیر مطلوب واقعات کی نشاندہی کرنا جو لیبل کے معیار پر پورا اُترتے ہیں

3.7 عالمی توسیع سے پیدا ہونے والے مسائل اور طبی مصنوعات کی منظوری اور ضابطہ کاری پر اس کے اثرات کا جائزہ لینا

C1۔ کثیر علاقائی طبی تجربات انجام دینے کی حکمتِ عملیاں تیار کرنا اور ان پر عمل کرنا C2۔ عالمی حکمتِ عملیاں تیار کرنا جو مارکیٹنگ درخواست کی ضروری جائزہ اور منظوری کو بہتر بنائیں C3۔ متعدد ممالک میں طبی مصنوعات کی منظوری حاصل کرنے کے لیے درکار وسائل کا تجزیہ کرنا	B1۔ علاقائی ضوابط کا موازنہ کرنا اور یہ سمجھنا کہ ان میں فرق ٹرائلز کی انجام دہی یا طبی مصنوعات کی منظوری کے جائزے کو کس طرح متاثر کر سکتے ہیں	A1۔ اس بات کو تسلیم کرنا کہ مختلف قومی ضوابط طبی مصنوعات کی منظوری کے عمل کو متاثر کر سکتے ہیں
مثال: جاننا کہ کسی دوسرے ملک میں ریگولیٹری درخواست ممکنہ طور پر زیادہ وسائل طلب کرے گی بہ نسبت امریکہ کی درخواست، اور ایسے متعدد حل پیش کرنا جو بین الاقوامی ہم آہنگی کی کوششوں (مثلاً ICH، یورپی یونین، WHO) کے مطابق ہوں	مثال: اگر مطالعہ جاپان میں کیا جائے، تو جاپانی ریگولیٹری ایجنسی کی ضرورت کے مطابق مطالعہ آبادی میں مناسب تعداد میں جاپانی شہری شامل کرنے کی حکمتِ عملی اپنانا	مثال: تسلیم کرنا GCP متعدد سائٹس پر ٹرائلز میں احترام کرنا ضروری ہے، مگر دیگر قومی ضوابط مختلف ہو سکتے ہیں

ڈومین 4: طبی مطالعے کے آپریشنز (اچھی طبی مشق) یہ شعبہ مطالعہ انتظام، غیر مطلوب واقعات کی شناخت و رپورٹنگ، بعد از مارکیٹ نگرانی، ادویات کی نگرانی، اور تحقیقاتی مصنوعات کی ہینڈلنگ سے بحث کرتا ہے۔

4.1 وضاحت کرنا کہ کیسے ایک فردی طبی مطالعے کا ڈیزائن، مقصد، اور انجام دہی نئے مداخلت کی ترقی کے مقصد سے مطابقت رکھتی ہے

C1۔ ایک طبی ٹرائل خودمختار طور پر ڈیزائن کرنا تا کہ نئے مداخلت کی ترقی کے مقصد اور ٹرائل مقصد کے مابین درست ربط ہو	B1۔ ٹرائل پروٹوکول کا جائزہ لینا اور تبصرہ کرنا تا کہ یہ یقینی بنایا جائے کہ مداخلت اور ترقی کے مقاصد اور ٹرائل مقصد و ڈیزائن کے مابین ربط درست ہے	A1۔ یہ شناخت کرنا کہ نئے مداخلت کی ترقی اور آپس میں منسلک ٹرائل اہداف اور ڈیزائن کے مابین کیا ربط ہے، ایک طبی ٹرائل

C 2020 MRCT Center. This work is licensed under a CC BY-NC-SA 4.0 license

mrct@bwh.harvard.edu

C2۔ جونیئر ٹرائل ڈیزائنرز کو تربیت، نگرانی، اور کوچ کرنا	B2۔ ٹرائل ڈیزائن پر پیش قدمی اور ردِ عمل دونوں طرح کے مشورے دینا	پروٹوکول پڑھ کر سمجھنے کو کوشش کریں
مثال: طبی مطالعے کے ابتدائی ترقی کے مرحلے میں پروٹوکول پر ٹھوس ادبی تبصرے فراہم کرنا	مثال: ایک طبی مطالعہ میں انتخابی تعصب سے بچنے کے لیے پروٹوکول کے وہ طریقے شناخت کرنا کہ نتائج قابلِ اعتماد اور درست سمجھے جائیں	مثال: باقاعدہ ضابطے کے مطابق، بجٹ کے اندر، اور غیر جانبدار حفاظتی اور افادیت کی ثبوت فراہم کرنے والا ایک ممکنہ طبی ٹرائل آزادانہ طور پر ڈیزائن کرنا

4.2۔ کلینکل تفتیشی ٹیم کے کردار اور ذمہ داریوں کی وضاحت کریں

C1۔ کلینکل تحقیق کے انعقاد میں GCP گائیڈ لائن لاگو کریں C2۔ کلینکل تفتیشی ٹیم میں تمام کردار کا جائزہ لیں اور جانچیں C3۔ کلینکل تفتیشی ٹیم کے ارکان کی نگرانی کریں C4 ۔ کلینکل تحقیق کی کارکردگی کا آڈٹ کریں تاکہ GCP گائیڈ لائن کی پابندی یقینی ہو	B1۔ اختیار کی تفویض اور عمل کی وسعت کے تصورات کو سمجھیں۔ B2 ۔ جی سی پی کی ضاحت کریں اصول کلینکل تحقیق میں کیسے شامل کیے جاتے ہیں B3۔ وفاقی ضوابط اور جی سی پی گائیڈ لائن کے تحت آئی آر بی اسپانسر کے کردار وذمہ داریوں کو بیان کریں۔ جی سی پی گائیڈ لائن کے مطابق اپنی ذمہ داری نبھائیں۔	A1۔ گڈ کلینکل پریکٹس گائیڈ لائن کو بیان کریں A2۔ جی سی پی کے بنیادی اصول کو بیان کریں۔ A3۔ ادارہ یا تنظیم، ضوابط اور گائیڈ لائن کے تحت سائٹ کلینکل تفتیشی ٹیم میں خود اور دوسروں کے کردار کو بیان کریں۔
مثال: متعدد کلینکل تحقیقاتی مطالعات کے لیے ایک مناسب تحقیقی ٹیم جمع کرنا، نگرانی کرنا اور منظم کرنا۔	مثال: ایسی صورتحال کی درست شناخت اور رپورٹ کرنا جہاں کلینکل تفتیشی ٹیم کے ارکان اپنی ذمہ داریاں پورا نہ کر پائیں، اور یہ جاننا کہ کس سے مدد لینی ہے۔	مثال: اپنی ذمہ داریوں کو واضح انداز میں بیان کرنا اور یہ بتانا کہ آپ کا کردار کس حد تک ہے جب آپ کلینکل اسٹڈی سرگرمیوں میں شامل ہوں۔

4.3۔ کلینکل اسٹڈیز کے ڈیزائن، انعقاد اور دستاویزات کا تجزیہ کریں تاکہ وہ گڈ کلینکل پریکٹس گائیڈ لائن کی مطابقت کو پورا کریں۔

C1۔ اس بات کی ضمانت دیں کہ ایک کلینکل تحقیقاتی اسٹڈی کا عملی نفاذ ICH کلینکل پریکٹس گائیڈ لائن کی مطابقت رکھتا ہو C2۔ اسٹڈی کے دوران پیش آنے والے کسی بھی مطابقت سے متعلق	B1۔ کلینکل تحقیقاتی پروٹوکول کو عملی جامہ پہنائیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ جی سی پی۔آئی سی ایچ تربیت کم ترین نگرانی کے تحت گائیڈ لائن تحقیقاتی طریقہ کار اور ڈیٹا جمع کرنے کے دوران زیرِ عمل رہے۔	A1۔ جی سی پی۔آئی سی ایچ تربیت کے بعد بیان کریں کہ گائیڈ لائن تحقیقاتی پروٹوکول کے ڈیزائن، اسٹڈی کے دوران اپنائے جانے والے طریقہ کار اور مطالعاتی ڈیٹا جمع کرنے کے عمل میں کیسے شامل ہوتی ہے

C 2020 MRCT Center. This work is licensed under a CC BY-NC-SA 4.0 license

مسائل کو مناسب طور پر حل کریں C3۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ اسٹڈی کرنے والا عملہ آئی سی ایچ۔ جی سی پی کا مناسب تربیت یافتہ ہو۔		
مثال: اس بات کا اندازہ لگانا اور یقین دہانی کرنا کہ مثال: اسٹڈی کے دوران مثال: ہے اور جہاں مناسب ہو، افراد کو اخلاقی اور معیاری تصورات کی تربیت اور رہنمائی دینا۔	مثال: ٹیم کی قیادت کرنا جو کہ تحقیقی پروٹوکول میں ڈیٹا تیار اور جمع کر رہی ہے اس طرح کہ کلینکل اسٹڈی کی کارکردگی، رپورٹنگ اور ریکارڈنگ بین الاقوامی منظور شدہ گائیڈ لائنز کی روشنی میں ہو۔	مثال: ہیلسنکی اعلامیہ میں شامل تصورات کی وضاحت کرنا اور بتانا کہ انہیں کلینکل پروٹوکولز میں کیسے شامل کیا جاتا ہے اور انسانی موضوعات پر تحقیق کے دوران کس طرح عمل درآمد ہوتا ہے تاکہ اخلاقی اور معیار کے معیارات برقرار رہیں۔
4.4۔ موازنہ کریں اور فرق بیان کریں کہ عالمی ضابطہ ساز اداروں کی کلینکل اسٹڈیز کے انعقاد سے متعلق ضوابط اور گائیڈ لائنز کیا ہیں۔		
C1۔ عالمی مطالعات کی ممکنیت جانچنے کے لیے عمل اور طریقہ کار بنائیں C2۔ مطالعاتی درخواستوں کے لیے مناسب ضابطہ درخواست کی ضروریات اور وقت کا تعیّن اور شیڈول بنائیں C3۔ دوسروں کی رہنمائی کریں اور انہیں عالمی ضابطہ منصوبے قوانین وضوابط کے بارے میں تعلیم دیں، خاص طور پر ممکنہ کلینکل سائٹس کی نشاندہی اور اسٹڈیز کی ابتداء وانعقاد میں	B1۔ اس اسٹڈی کے انعقاد کے دوران مؤثر ملکی ضوابط کی نشاندہی میں مدد کریں B2۔ کلینکل اسٹڈیز کے لیے عالمی ضابطہ ساز ایجنسی کی درخواست کی ضروریات اور موجودہ عمل وطریقہ کار لاگو کریں	A1۔ کلینکل اسٹڈیز کے انعقاد میں عالمی ضابطہ ساز اداروں کا کردار بیان کریں A2۔ مختلف عالمی ضابطہ ساز ایجنسیاں اور ان کے مخصوص ملکی ضوابط کی نشاندہی کریں A3۔ ادویات، حیاتیاتی مصنوعات، اور طبی آلات کی عالمی ضابطہ بندی میں فرق کو پہچانیں
مثال: ایسے ورک فلو قائم کرنا جو مستقبل قریب میں کلینکل اسٹڈی درخواستوں، ڈیٹا شیئرنگ اور نمونہ کے حصول کی منصوبہ بندی کو بہتر بنائے۔	مثال: بین الاقوامی ملٹی سینٹر کلینیکل اسٹڈیز کے انعقاد کے لیے ابتدائی ممکنیت کا مطالعہ کرتے وقت مقامی اور عالمی ضوابط کا علم استعمال کرنا۔	مثال: امریکہ اور یورپ میں تحقیقی ادویات کی تیاری اور مارکیٹنگ کے ضوابط و گائیڈ لائنز میں فرق کی نشاندہی کرنا۔
4.5۔ تحقیقی مصنوعات مناسب کنٹرول، ذخیرہ اور تقسیم کو بیان کریں		
C1۔ ایس او پیز تیار کریں جن میں تحقیقی مصنوعات کے کنٹرول، ذخیرہ اور تقسیم کے مخصوص طریقہ کار اور عناصر شامل ہوں	B1۔ تحقیقی مصنوعات کے کنٹرول، ذخیرہ اور تقسیم کے مخصوص طریقہ کار اور عناصر بیان کریں	A1۔ سمجھیں کہ تحقیقی مصنوعات کے لیے مخصوص کنٹرول، ذخیرہ اور تقسیم ضروری ہیں

C 2020 MRCT Center. This work is licensed under a CC BY-NC-SA 4.0 license

mrct@bwh.harvard.edu

A2 ۔ موجودہ اسٹینڈرڈ آپریٹنگ پروسیجرز (ایس او پیز) کی نشاندہی کریں اور ان کی پیروی کریں جو IP کے کنٹرول، ذخیرہ اور تقسیم کے لیے ہیں	B2 ۔ مطالعہ کی ادویات کے ہینڈلنگ کے عمل میں وزنما اختلافات (deviations) کی نشاندہی کریں اور مسئلہ رپورٹ/حل کریں	C2 ۔ جب مطالعہ کی ادویات کی ہینڈلنگ کے دوران مسائل ہوں تو اصلاح وبچاؤ کی تیاری کریں تاکہ آئندہ انحرافات سے بچا جاسکے
مثال: کلینکل تحقیقاتی سائٹ پر تحقیقی مصنوعات کی وصولی، ذخیرہ اور استعمال کے لیے ایس او پیز تلاش کرنا اور اسے لاگو کرنا۔	مثال: مختلف منظرنامے دیے جانے پر مناسب ماحولیاتی ذخیرہ کی شرائط، سیکیورٹی، انوینٹری کنٹرول، اور IP کا ٹریسیبلیٹی (آرڈرنگ، وصولی، انوینٹری، تلفی، منتقلی) کو نافذ کرنا تاکہ تجربے میں شامل شرکاء کو کافی محفوظ سپلائی دستیاب ہو۔	مثال: آڈٹ کرنا، CAPAs اصلاح وبچاؤ کی تیاری کرنا اور ایس او پیز میں ترمیم کرنا تاکہ تحقیقی مصنوعات کے انتظام کے عمل کو ایف ڈی ایضوابط اور جی سی پی قواعد کی مدد سے بہتر بنایا جائے۔
4.6۔ بیان کریں کہ کون کون سے قسم کے نقصانات کلینکل اسٹڈیز کے دوران ہوسکتے ہیں اور نقصانات کی شناخت کا عمل اور سپانسرز اور ضابطہ ساز اداروں کو رپورٹنگ کی ضروریات کی وضاحت کریں		
A1۔ مختلف قسم کے نقصانات کے درمیان فرق کو پہچانیں A2۔ سمجھیں کہ کب ایک سنگین نقصان کلینکل ٹرائل کے دوران واقع ہوتا ہے اور اسے ضوابط و قوانین کے مطابق مناسب مدت میں رپورٹ کریں	B1۔ مختلف بین الاقوامی گائیڈ لائنز (مثلاً FDA، EMA، ICH وغیرہ) ایف ڈی ڈی اے کے تحت ایک SAE سنگین نقصان اور SUSAR کی رپورٹنگ ٹائم لائنز اور تقاضوں میں تمیز کریں B2۔ ایک سنگین نقصان کی رپورٹ متعلقہ ادارے (اسپانسر، ضابطہ ایجنسی، IRB/IEC) کو اس کے متعلقہ کردار (مثلاً مجری، CRA، اسپانسر) کی بنیاد پر انجام دیں	C1۔ مختلف ایجنسیوں اور اداروں میں SUSAR رپورٹنگ کی ضروریات کا تنقیدی جائزہ لیں اور رپورٹنگ ضروریات کو ہم آہنگ کرنے کے لیے نئی سفارشات پیش کریں۔
مثال: نمونہ کیسز سے نقصانات (AE, SAE, Unexpected AE, Adverse Drug Reaction وغیرہ) کی درستی سے درجہ بندی کرنا۔	مثال: کلینکل ٹرائل کے دوران مناسب مدت میں نقصان کو شناخت کرنا اور رپورٹ کرنا۔	مثال: عالمی کلینکل ٹرائل میں SUSAR رپورٹنگ ضروریات کے عدم ہم آہنگی کے اثرات کا تجزیہ کرنا اور اپنی تنظیم کے لیے نئی SOP تیار کرنا جو رپورٹنگ ضروریات کو منظم کرے۔

C 2020 MRCT Center. This work is licensed under a CC BY-NC-SA 4.0 license

mrct@bwh.harvard.edu

4.7۔بیان کریں کہ عالمی ضوابط اور گائیڈ لائنز کس طرح انسانی موضوعات کی حفاظت اور رازداری کو کلینکل اسٹڈیز کے دوران یقینی بناتے ہیں

